## 1187 ـ سر اور داڑھی کے بال سیاہ کرنے کا حکم

**سوال**

کیا داڑھی کے بال سیاہ کرنے جائز ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مرد کے لیے داڑھی کے بال سیاہ کرنا جائز نہیں، کیونکہ سیاہ رنگ سے اجتناب کرنے کا حکم ہے، اور ایسا کرنے سےمنع کیا گیا ہے.

ابو داود رحمہ اللہ نے اپنی سند کے ساتھ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا ہے کہ:

" فتح مکہ کے دن ابو قحافہ کو لایا گیا توان کے سر اور داڑھی کے بال بالکل سفید تھے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اسے کسی چیز سے تبدیل کرو، اور سیاہ سے اجتناب کرو "

اسےمسلم، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے.

اور امام احمد، ابو داود، اور نسائی نے ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" آخری زمانے میں کچھ ایسے لوگ ہونگے جو سیاہ خضاب لگائینگے، جیسے کبوتر کی پوٹ ہوتی ہے، وہ جنت کی خوشبو نہیں پائینگے "

لیکن جابر رضی اللہ تعالی عنہ کی مذکورہ بالا حدیث کی بنا پر سفید بالوں کو سیاہ کے علاوہ کسی اور رنگ سے بدلنا مستحب ہے.

اور مہندی وغیرہ کے ساتھ بالوں کو رنگنا مشروع ہے، جو اسے سرخ یا زرد کر دیں، حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم زرد رنگ کے ساتھ بالوں کو رنگ کرتے تھے.

اور اس لیے بھی کہ امام مسلم رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے کہ ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ مہندی اور کتم کے ساتھ

بالوں کو خضاب لگاتے، اور عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے مہندی کے ساتھ بال رنگے تھے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بھی ہے.

" تم جس سے بڑھاپے کو تبدیل کرتے ہو ان میں سب سے بہتر مہندی اور کتم ہے "

اسے امام احمد اور ابو داود اور نسائی اور ترمذی نے روایت کیا اور اسے صحیح کہا ہے.